
# معلومات کا انتظام

نیچے دی ہوئی آم کی تصویروں پر مہینوں کے نام لکھے ہوئے ہیں۔ ہر تصویر پر اُن مہینوں کے دنوں کی تعداد لکھو۔




**اوپر کی تصویر دیکھ کر جملے پورے کرو۔**

(۱) تصویر میں کل ______ مہینوں کے نام دیے ہوئے ہیں۔

(۲) ۳۱ دن کے کل ______ مہینے ہیں۔

(۳) ۳۰ دن کے کل ______ مہینے ہیں۔

(۴) ۲۸ یا ۲۹ دن کا ______ مہینہ ہے۔

(۵) مئی مہینے کے بعد آنے والا ۳۱ دن کا مہینہ ______ ہے۔

**اس سال کا کیلنڈر / تقویم دیکھ کر نیچے دیے ہوئے سوالوں کا جواب لکھو۔**

(۱) اس سال رمضان عید ______ مہینے میں ہے۔

(۲) اس سال کرسمس ______ مہینے میں ہے۔

(۳) ہولی اس سال ______ مہینے میں ہے۔

(۴) میری سالگرہ ______ مہینے میں ہے۔

(۵) یومِ مہاراشٹر ______ کو ہے۔

(۶) یومِ اساتذہ ______ دن کو ہے۔

اپنی جماعت کے طلبہ سے پوچھو کہ ان کی سالگرہ کون سے مہینے میں اور کس تاریخ کو آتی ہے۔

اُسے نیچے دیے ہوئے طریقے سے درج کرو۔

| مہینے | جنوری | فروری | مارچ | اپریل | مئی | جون |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سالگرہ | روحی، ثانیہ | راشد، ساحل، کلیم | سیما، مریم مدیحہ، نیّر | خالدہ، اصغر، شکیل | فاطمہ، عابد | ماریہ، عارف |

| مہینے | جولائی | اگست | ستمبر | اکتوبر | نومبر | دسمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سالگرہ | | چاند، پرویز، عامر | اکبر، انور | جنید، سمیرہ | جویریہ، رضیہ، زینب | پروین، فرحین |

## نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب زبانی دو۔

(۱) سمیرہ اور جنید کی سالگرہ کون سے مہینے میں ہے؟

(۲) اپریل مہینے میں کتنے لوگوں کی سالگرہ ہے؟

(۳) سب سے زیادہ لوگوں کی سالگرہ کس مہینے میں ہے؟

(۴) کس مہینے میں کسی کی بھی سالگرہ نہیں ہے؟

(۵) جنوری مہینے میں کس کس کی سالگرہ ہے؟



مدیحہ، تم نے اپنی سالگرہ کیسے منائی؟



میں نے گھر کے بزرگوں کو سلام کیا۔
دوپہر میں فقیروں کو مٹھائی تقسیم کی۔
شام میں دوستوں اور سہیلیوں کے ساتھ مل کر پارٹی کی۔



ارے واہ ! بہت اچھے!
میں نے اپنی سالگرہ پر ایک درخت لگایا۔

Q8WV83